## جاگیردارانہ نظام کے خلاف عوامی انقلاب میں پاکستان کا نوجوان طبقہ ہراول دستہ ثابت ہوگا، الطاف حسین

## اربوں کھربوں کے قرضے معاف کرانے والے قومی لٹیروں کے خلاف عوامی انقلاب، پاکستان کا مقدر بن چکا ہے

## پنجاب کے عوام بالخصوص طلباء وطالبات پاکستان کی بقاء وسلامتی اورعوام کی فلاح وبہبود کیلئے ایم کیوایم کا ساتھ دیں

## کرپٹ جاگیرداروں اورقومی دولت لوٹنے والوں کو لبرٹی چوک پرلٹکایا جائے گا

## لبرٹی چوک لاہورمیں ایم کیوایم کے امدادی کیمپ میں موجود ذمہ داران اورکارکنان سے ٹیلی فون پر بات چیت

لندن۔۔۔14، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف عوامی انقلاب میں پاکستان کا نوجوان طبقہ ہراول دستہ بنے گا۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز لبرٹی چوک لاہور میں ایم کیوایم کے امدادی کیمپ میں ایم کیوایم لاہورکی زونل کمیٹی کے ارکان اور کارکنان سے ٹیلی فون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے ذمہ داران اور کارکنان کوعیدالفطرکی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک کے مہینے اورعید میں بھی جس طرح آپ 24 گھنٹے سیلاب زدگان کیلئے کام کرتے رہے اورمصیبت زدہ خاندانوں کوامدادی اشیاء فراہم کرتے رہے اس پرآپ زبردست شاباش اورخراج تحسین کے مستحق ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کی جہاں عوامی سطح پر پذیرائی کی جارہی ہے وہیں بعض شرپسند عناصر کی جانب سے خلق خدا کی خدمت میں مصروف کارکنان کو دھمکیاں دیکر ہراساں بھی کیا جارہا ہے جوکہ قابل مذمت ہے۔انہوں نے کارکنان پرزوردیا کہ وہ شرپسندوں کی اشتعال انگیز کارروائیوں کے جواب میں ہرگز مشتعل نہ ہوں اوراپنی پرامن جدوجہد جاری رکھیں، اوراس بات پر کامل یقین رکھیں کہ طاقت کے ذریعہ حق پرستی کی تحریک کو ختم نہیں کیا جاسکتا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ تحریک کے بے لوث اور پرعزم ساتھیوں کی محنت رنگ لارہی ہے اورایم کیوایم کا فلسفہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی صوبہ پنجاب کے ہرگلی کوچے میں پھیل رہا ہے اورانشاءاللہ وہ دن دورنہیں جب ہرشہراور گاؤں میں ایم کیوایم کا پرچم لہرارہا ہوگا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام، قومی خزانہ لوٹنے والے نودولتیوں اوراربوں کھربوں روپے کے قرضے لیکر معاف کرانے والوں کے خلاف عوامی انقلاب، پاکستان کا مقدر بن چکا ہے اور پاکستان کا نوجوان طبقہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف عوامی انقلاب میں ہراول دستہ بنے گا۔انہوں نے پنجاب کے عوام بالخصوص طلباء وطالبات سے اپیل کی کہ وہ پاکستان کی بقاء وسلامتی، ترقی وخوشحالی اورعوام کی فلاح وبہبود کیلئے ایم کیوایم کا ساتھ دیں۔ایم کیوایم، پاکستان سے نہ صرف فرسودہ جاگیردارانہ نظام اورکرپٹ سیاسی کلچر کا خاتمہ کرے گی بلکہ انتظام حکومت اوراقتدار میں ایمانداراور سچے محبّ وطن لوگوں کی حکمرانی بھی قائم کرے گی ۔ جب پاکستان میں حق پرستوں کی حکومت قائم ہوگی تو ایم کیوایم کے نمائندے جاگیرداروں اور بادشاہوں کی طرح گھروں میں نہیں بیٹھیں گے بلکہ سچے خادم بن کرعوام کی عملی خدمت کریں گے اور ہرمشکل گھڑی میں عوام کے شانہ بشانہ ہونگیں۔ جناب الطاف حسین نے صوبہ پنجاب بالخصوص لاہور کے ذمہ داران اورکارکنان کومخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ پرعزم رہیں، ہمت وجرات کے ساتھ حق پرستی کی جدوجہد جاری رکھیں انشاءاللہ، صوبہ پنجاب اورلاہورایم کیوایم کے مضبوط قلعے ثابت ہونگے اور پھرایماندارانہ احتساب کرکے کرپٹ جاگیرداروں اورقومی دولت لوٹنے والوں کولبرٹی چوک پرلٹکایا جائے گا۔

## متحدہ قومی موومنٹ کراچی میں رہنے والے پختونوں کی سب سے بڑی نمائندہ جماعت ہے، مصطفیٰ کمال

## پی ایس 94 کے ضمنی الیکشن کے سلسلے میں اورنگی ٹاؤن میں مرکزی الیکشن سیل کے افتتاح کے موقع پر کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی۔۔۔13، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق حق پرست سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ اگر پاکستان کو بچانا اوراسے صحیح راستے پر چلانا ہے تو وہ ایک ہی قوت ہے اوروہ قوت صرف اورصرف قائدتحریک الطاف حسین کی ذات ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ متحدہ قومی موومنٹ کراچی میں رہنے والے پختونوں کی سب سے بڑی نمائندہ جماعت ہے اوراگرکوئی آزمانا چاہتا ہے تو پختونوں کا پنڈال کہیں بھی لگا کر دیکھ لے اورہم سے مقابلہ کرلے۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے پی ایس 94 کی نشست پرہونے والے ضمنی الیکشن کے سلسلے میں اورنگی ٹاؤن الیون ای نزدافضاء پارک پرمرکزی الیکشن سیل کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں اورنگی ٹاؤن میں الیون ای، محمد نگر، فیض عام کالونی ،الیون ایف، رحیم شاہ کالونی، عزیزنگر، ملت کالونی، فرید کالونی، مومن آباد، بابا ولایت علی شاہ کالونی، الصدف کالونی اورمصطفیٰ کالونی میں مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں اوربزرگوں کے علاوہ خواتین کی بھی کثیر تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ بھی موجود تھے۔ جبکہ اس کارنر میٹنگ سے حق

پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ، حق پرست رکان سندھ اسمبلی منظر امام، مظاہر امیر، پی ایس 94 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد اور ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے انچارج عبدالحق نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر عوام کی بھاری تعداد نے پی ایس 94 کی نشست پر حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا اور انہیں 22 ستمبر کو ہونے والے الیکشن میں بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔مصطفیٰ کمال نے اپنے خطاب کہا کہ پی ایس 94 کی نشست پر ہمیں شاید یہ انتخابی مہم، جلسے جلوس کی ضرورت پیش نہیں آتی، ایم کیو ایم کے نمائندے کے سامنے کسی اور پارٹی کو اپنا امیدوار اصولی، شعوری اور اخلاقی طور پر کھڑا کرنا نہیں چاہئے تھا۔رضا حیدر یہاں سے تقریباً 80 ہزار ووٹ لیکر کامیاب ہوئے اور ان کی مخالفت میں پڑنے والے ووٹ کی کل تعداد 10 ہزار سے زیادہ نہیں تھی اور کوئی مقابلہ اس وقت بھی نہیں تھا اور آج بھی نہیں ہے۔اخلاقیات بھی کوئی چیز ہوتی ہے کہ ہمارے حق پرست نمائندے رضا حیدر کو دن دیہاڑے شہید کردیا۔انہوں نے کہا کہ ہمیں اس انتخابی مہم کی بھی ضرورت نہیں تھی، صرف تاریخ کا اعلان ہوجاتا اور اورنگی ٹاؤن الطاف بھائی کا قلعہ ہے، الطاف بھائی کے ایک ٹیلی فون یا بیان پر ہی اتنے ہی لوگ ووٹ ڈال دیتے اور حق پرست امیدوار کامیاب ہوجاتا۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت کے کراچی میں کئے گئے پانچ سال کے کام کراچی کے 63 سالوں کے کاموں سے زیادہ ہیں اور اس کی کہیں کوئی مثال نہیں ملتی۔اس شہر کا رہنے والا ہر قومیت کا فرد قائد تحریک کے پرچم تلے جمع ہوچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنارس پل کو بننے سے کوئی نہیں روک سکتا اور یہ پل ضرور بنے گا اور ایک نہیں تو دو مہینے، چار مہینے بعد آپ اس پر سفر کریں گے۔کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے عبدالقادر خانزادہ نے کہا کہ پچھلے الیکشن 2008ء میں آپ لوگوں نے 25 لاکھ ووٹ دلا کر الطاف بھائی کا نام بلند کردیا تھا اور مجھے امید ہے کہ آپ 22 ستمبر کو ایک لاکھ سے زائد ووٹ دیکر حق پرست امیدوار کا کامیاب کروائیں گے۔سید منظر امام اور مظاہر امیر نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ جس طرح اس علاقے کی عوام قائد تحریک الطاف حسین اعتماد کا اظہار کرتی رہی ہے اسی طرح 22 ستمبر کو جو انتخابی مہم کا آخری معرکہ ہوگا اس میں ووٹ کا استعمال کر کے ایک مرتبہ پھر حق پرست نمائندے کو منتخب کریں۔سیف الدین خالد نے کہا کہ عوام کی بڑی تعداد میں موجودگی کررہی ہے کہ انشاءاللہ 22 ستمبر کو صرف قانونی تقاضوں کو پورا کرنا ہے اور آج عوام نے اس بات کا فیصلہ دیدیا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین جس کو نامزد کردیتے ہیں وہ نامزدگی کے وقت ہی کامیاب ہوجاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ آج کچھ چند شر پسند عناصر اور کرپٹ لوگ جنہوں نے مذموم مقاصد کیلئے امن وامان کو تہہ وبالا اور عوام کو بہکانے کی کوشش کی عوام نے انہیں مسترد کر کے قائد تحریک الطاف حسین پر اپنے اعتماد کو برقرار رکھا ہے جس پر وہ زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔کارنر میٹنگ سے عبدالحق نے بھی خطاب کیا۔

## ایم کیو ایم انسانیت کے جذبے سے سرشار ہوکر دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت پر یقین رکھتی ہے، یوسف شاہوانی

## عید کے موقع پر بلوچستان کے مختلف علاقوں میں سیلاب متاثرین میں اجناس، بچوں میں کپڑے اور عید گفٹ کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ۔۔۔14، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کی رابطہ کمیٹی رکن یوسف شاہوانی نے عید الفطر سیلاب متاثرین کے ساتھ منائی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے بچوں کے نئے ملبوسات، شیر خورمے کے پیکٹ، غذائی اجناس اور عید گفٹ تقسیم کئے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے عید الفطر کی مبارکباد پیش کی۔تفصیلات کے مطابق ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی رکن یوسف شاہوانی، صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن انور خان ترین، انتظار حسین، عبدالغنی اور اکبر منگل وار اکین، اس علاوہ ڈسٹرکٹ کوئٹہ سٹی کے آرگنائزر سید سلیم اختر، محمد ادریس محمد نعیم یوسفزئی اور جاوید بھی موجود عید الفطر بوائے اسکاؤٹس کی خیمہ بستی کے سیلاب متاثرین کے درمیان رہ کر منائی۔رکن رابطہ کمیٹی یوسف شاہوانی نے کہا کہ ایم کیو ایم دکھی انسانیت کے جذبے سے سرشار ہوکر دکھی انسانیت کی بلاامتیاز رنگ ونسل خدمت پر یقین رکھتی ہے اور آج بھی مشکل کی اس گھڑی میں ایم کیو ایم کے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار و کارکنان سمیت ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز شبانہ روز متاثرین سیلاب کی طبی امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔متاثرین سیلاب نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی کاوشوں کو سہراتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا اور درازی عمر کے لئے دعا بھی کی۔

## دبئی میں مقیم پاکستانی تاجر کی جانب سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو گدلے پانی کو صاف کرنے والا فلٹر پلانٹ کا عطیہ

کراچی۔۔۔14ستمبر 2010ء

دبئی میں مقیم معروف پاکستانی تاجر افضال کی جانب سے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو گدلے پانی کو صاف کرنے والا واٹر فلٹر پلانٹ عطیہ کیا۔ جدید طرز کا یہ فلٹر پلانٹ تاجر افضال نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر محمد فاروق ستار، ارکان رابطہ کمیٹی سید شعیب احمد بخاری، سید مصطفیٰ کمال سے ملاقات کرکے ان کے حوالے کیا، واٹر فلٹر پلانٹ جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ ہے جو ایک گھنٹے میں ایک ہزار لیٹر گدلے پانی کو صاف کرکے پینے کے قابل بناتا ہے جس سے سیلاب متاثرین کو پینے کا صاف پانی پینے ملے گا بلکہ اس کے استعمال سے کیمپوں میں مقیم سیلاب زدگان میں گدلے پانی سے پھیلنے والے وبائی امراض پر بھی قابو پایا جاسکے گا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے سیلاب زدگان کیلئے تاجر افضال کے احساسات کا خیر مقدم کیا اور واٹر فلٹر پلانٹ عطیہ کرنے پر قائد تحریک الطاف حسین اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ان کا شکریہ ادا کیا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے مہمان تاجر کو سیلاب زدگان کیلئے جاری ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں سے تفصیلی آگاہی فراہم کی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن میں جاری امدادی سرگرمیوں کا بغور معائنہ بھی کروایا۔ تاجر افضال نے ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کو سراہا اور سیلاب زدگان کیلئے مزید واٹر فلٹر پلانٹ عطیہ کرنے کا عندیہ دیا۔

## ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن کلیم احمد خان کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔14ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن کلیم احمد خان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعہ میں المناک شہادت دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کلیم احمد خان شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ کلیم احمد خان شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل عطا فرمائے ۔(آمین)

## نامعلوم موٹر سائیکل سوار مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن کلیم احمد خان کو شہید کردیا

کراچی۔۔۔14ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن کلیم احمد خان کو موٹر سائیکل سوار مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے شہید کردیا اور فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 159 کے کارکن 30 سالہ کلیم احمد خان ولد انصار احمد خان گزشتہ روز اپنے گھر کے باہر بیٹھے ہوئے تھے کہ موٹر سائیکل پر سوار نامعلوم مسلح دہشت گردوں نے ان پر انتہائی قریب سے کلاشنکوف سے فائرنگ کردی فائرنگ اتنی شدید تھی کہ کلیم احمد خان موقع پر شہید ہوگئے جبکہ فائرنگ کی زد میں آکر دو بچے بھی شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر طبی امداد کی فراہمی کیلئے اسپتال پہنچا دیا گیا۔ کلیم احمد خان کی شہادت کی خبر اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان بڑی تعداد میں ان کی رہائشگاہ پہنچ گئے اور واقعہ کی تفصیلات معلوم کیں۔ اس موقع پر کارکنان میں شدید غم وغصہ پایا جارہا تھا اور علاقے دکانداروں نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں فائرنگ کے نتیجے میں کلیم احمد خان کی شہادت پر احتجاجاً اپنا کاروبار بند کردیا۔ کلیم احمد خان کے سوگواران میں پانچ بھائی اور تین بہنیں شامل ہیں۔ دریں اثناء کلیم احمد خان شہید کو یٰسین آباد کے شہداء قبرستان میں سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک دیا گیا۔ شہید کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر غریب آباد چورنگی پر ادا کی گئی ،نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، لیاقت آباد کمیٹی کے ذمہ داران ،یونٹ کمیٹیوں کے عہدیداران وکارکنان اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیوایم کے کارکن کلیم احمد خان کی شہادت شہر کا امن خراب کرنے کی گھناؤنی سازش ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔14، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 159 کے کارکن کلیم احمد خان کوموٹر سائیکل سوار نامعلوم مسلح دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ کرکے قتل کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دہشت گردی کے اس واقعے کوشہر کا امن خراب کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض امن دشمن قوتیں اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے شہر کا خراب کرنا چاہتی ہیں اوراس کیلئے ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کومسلسل ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنارہی ہیں اورکلیم احمد خان کی شہادت بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کا مقصد شہر میں امن وامان کی فضاء کوسبوتاژ کرنا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ رواں سال کے دوران دوسو سے زائد ایم کیوایم کے ذمہ داران ،کارکنان اور ہمدردوں کوٹارگٹ کلنگ کرکے دہشت گردی کا نشانہ بنایا جاچکا ہے جبکہ ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں ملوث کسی ایک دہشت گردکوتاحال گرفتارنہیں کیا جاسکا جواس بات کا ثبوت ہے کہ دہشت گردوں کوبعض بااثر افراد کی مکمل سپوٹ حاصل ہے جوشہر کا امن خراب کرنے کی گھناؤنی پالیسی پرعمل پیرا ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کلیم احمد خان شہید کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورکلیم احمد شہید کی مغفرت اوران کے درجات بلندی کیلئے دعا کی۔رابطہ کمیٹی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کلیم احمد خان کے قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اورشہر میں جاری ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں ملوث دہشت گردوں کوگرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے۔

## سیلاب زدگان کی امداد کیلئے ماما بے بی کیئر اسکول کی جانب سے دوٹرک امدادی سامان خدمت خلق فاؤنڈیشن کوعطیہ

کراچی۔۔۔14، ستمبر 2010ء

ماما بے بی کیئر اسکول کی جانب سے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے دوٹرک امدادی سامان متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کوعطیہ کیا گیا۔امدادی سامان اسکول کے ایڈمنسٹر محمد علی حسین اور پرنسپل مسزشبیہ زہرہ نے حق پرست اقلیتی ارکان منوہر لعل اوراے رشید خان سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں ملاقات کے دوران حوالے کیا جس میں خشک اجناس،ادویات،ملبوسات اوردیگراشیاء شامل ہیں۔اس سے قبل حق پرست نمائندوں نے مہمان ڈونر کوخدمت خلق فاؤنڈیشن کا دورہ کرایا اورانہیں ایم کیوایم کی جانب سے سیلاب زدگان کیلئے جاری امدادی سرگرمیوں کی تفصیل سے آگاہی فراہم کی۔مہمان ڈونر نے ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کوسراہا اوران کی تعریف کی۔اس موقع پرایم کیوایم کی اقلیتی امور کمیٹی کے رکن منوہر لعل اوردیگر بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆